سوال

(495)وہ اپنی بیوی سے جماع کرتا ہے تو اس کا کفارہ کیا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے رمضان المبارک میں فرض روزہ رکھا ہوا تھا ۔ اس کا خاوند روزے کی حالت میں نہیں اس حال میں وہ اپنی بیوی سے جماع کرتا ہے تو اس کا کفارہ کیا ہے ؟ (محمد یونس شاکر)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت نے اگر یہ کام برضا ورغبت بلاجبر واکراہ کیا ہے تو اس پر کفارہ ہے ۔ بلاناغہ دوماہ کے روزے ، اگر استطاعت نہیں تو ساٹھ مسکینوں کا کھانا ۔ 1 البتہ خاوند جان بوجھ کر رمضان المبارک کا روزہ نہ رکھنے کی بناء پر کفر کا مرتکب ہوا ہے ۔ ٦ ١ ١٤٢٤ھ

1بخاری کتاب الصوم باب اذا جامع فی رمضان

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص424

محدث فتویٰ